# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**

**Dated : 30 August 2026**

**Time : 12:30 PM**

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں مسرت شاہ

PM من کی بات

وزیراعظم نریندر مودی نے آج آکاشوانی پر اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام 'من کی بات' کے **137** ویں شمارے میں عوام سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

وزیراعظم نے سالانہ شری امرناتھ یاترا کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس بار سوچھ بھارت ابھیان کے نظریہ کو تقویت بخشتے ہوئے تحت یاتریوں نے مقامی اہلکاروں کے ساتھ ملکر کر کوڑا کرٹ جمع کر کے یاترا کو ماحول دوست بنانے کی مثال قائم کی ہے۔

-------**PM(Yatra)**-------------

نشہ مکت یووا ابھیان فاروکست بھارت مہم میں نوجوان کی بڑھ چڑھ کر شمولیت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعظم نے اس امید کا ظاہر کی کہ اس ابھیان کے مثبت نتائج سامنے آئیں گے جن کی بدولت ملک نشے کی بدعت سے نجات پائے گا۔

-------**PM(Nasha)**-------------

من کی بات پروگرام میں وزیراعظم نے تواریخ کو اگلی نسل تک پہنچانے میں ایک ویب سائٹ تیار کرنے پر ممبئی کے ایک شخص کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ اس ویب سائٹ سے لوگوں کو اپنے ملک کے کسی بھی حصے کی تاریخ کو پڑھنے کا موقعہ ملے گا۔

یہ پروگرام آکاشوانی اور دوردرشن کے پورے نیٹ ورک، **AIR** نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن **AIR** موبائل ایپ کے ذریعے بھی نشر ہوا۔

لیفٹننٹ گورنر

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ صحت شعبے میں جدید آلات کا استعمال عام لوگوں کی اعلیٰ صحت خدمات تک رسائی کو ممکن بنانے کیلئے کیا جانا چاہیئے۔ **CII-JK** کے ہیلتھ کنکلیو کے تیسرے ایڈیشن کا افتتاح کرنے کے موقعہ اپنے خطاب میں ایل جی نے عالمی صحت نظام کو درپیش چیلنجوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ مہنگے علاج پر انحصار کم کرنے کیلئے بیماریوں سے بچاؤ، ابتدائی مرحلے میں مداخلت اور باقاعدگی سے طبی سکریننگ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ منوج سنہا نے طبی ماہرین پر زور دیا کہ وہ جدید ٹیکنالوجی کا استعمال لوگوں تک بہتر صحت خدمات پہنچانے کیلئے کریں۔ جموں کشمیر میں طبی شعبے کے بنیادی ڈھانچے کا ذکر کرتے ہوئے لیفٹننٹ گورنر نے کہا

-------**LG**-----------

ایل جی ملاقات

بی جے پی لیڈر ڈاکٹر علی محمد میر کی سربراہی میں ایک وفد نے لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران انہوں نے بڈگام ضلعے میں تعمیر و ترقی کے حوالے سے کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔

صوبائی کمشنر

جموں وکشمیر میں **7** ستمبر سے **10** ستمبر تک منعقد ہونے والے اپنی نوعیت کے پہلے بین الاقوامی فلم فیسٹول کے کامیاب انعقاد کیلئے انتظامات کو حتمی شکل دی جارہی ہے۔

اسی سلسلے کی ایک کڑی کے تحت صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے **SKICC** سرینگر میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوان اس فیسٹول کیلئے جاری تیاریوں اور انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ میٹنگ کے دوران صوبائی کمشنر نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ تمام تر ضروری اقدامات اپنے اپنے مقررہ وقت پر مکمل کریں، تاکہ یہ فلم فیسٹول خوش اسلوبی کے ساتھ منعقد کیا جاسکے۔ اس فیسٹول میں **40** ممالک کی فلمیں دکھائی جائیں گی۔

نیپال

نیپال میں آئے اچانک سیلاب کے نتیجے میں مرنے والوں کی تعداد مزید بڑھ کر **675** ہوگئی ہے جبکہ لاپتہ افراد کی تعداد **2** ہزار **400** بتائی گئی ہے۔اس ہمالیائی ملک کے متاثرہ اضلاع میں تلاش اور امداد کا کام جاری ہے۔

حکام نے کہا ہے کہ پولیس لاپتہ افراد کا پتہ لگانے اور سیلاب میں پھنسے افراد کی مدد کیلئے مقامی لوگوں اور متعلقہ ایجنسیوں سے تال میل کے ساتھ کام کر رہی ہے۔

بھارت نے سیلاب سے متاثرہ نیپال کی مدد میں اضافہ کیا ہے۔ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا کہ مصیبت کی اس گھڑی میں بھارت اپنے ہمسایہ ملک نیپال کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا ہے۔اس دوران نیپال نے والہانہ مدد کیلئے بھارت کا شکریہ بجالایا ہے۔

جیتندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جیتندر سنگھ نے سرینگر اور جموں کے بیچ جلد شروع ہونے والی تیسری وندے بھارت ٹرین کو ایک اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ۔